# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 18 September 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

## آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸ ؍ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت:09.00 سے 09.10؍بجے

***** ***** *****

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں**

- ☆ **نابالغ بچوں کے لیے ’’ واتسلیہ‘‘ نامی نئی اسکیم آج سے شروع**
- ☆ **ماحول کے تحفظ کے لیے ریاست کی کوشش کی بین الاقوامی سطح پرستائش ‘ وزیراعلیٰ کا ورلڈ ایگری کلچرفورم کی جانب سے استقبال**
- ☆ **مراٹھواڑہ کی ترقی کے 29؍ہزار کروڑ روپئے کے کام مکمل ہونے کے قریب ‘ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کا بیان**
- ☆ **دس دنوں سے جاری گنیش فیسٹیول کا اختتام‘ دھولیہ ناسک حادثہ میں 6؍افراد ہلاک**

**اور**

- ☆ **ایشیائی ہاکی ٹورنامنٹ میں بھارت فاتح**

**اب خبریں تفصیل سے...**

مرکزی وزیر مالیات نرملا سیتارمن کے ظاہر کیے بجٹ میں نابالغ بچوں کے لیے ’’ واتسلیہ ‘‘ نامی نئی پینشن اسکیم آج سے شروع ہورہی ہے۔ نئی دِلّی میں ہونے والے قومی افتتاحی پروگرام میں ناندیڑ ضلعے کی آن لائن شرکت ہوگی۔ ناندیڑ کے مرکزی اسکول میں یہ پروگرام ہوگا۔NPS واتسلیہ کے افتتاحی پروگرام میں ملک بھر کے تقریباً 75؍مقامات پر ایک ہی وقت میں یہ پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ یہ مقامات شرکت کریں گے اور اِن مقامات پر نئے نابالغ ممبروں کو PRAN کارڈ دے کر اندراج کیا جائے گا۔

***** ***** *****

تحفظ ماحول‘ پائیدار ترقی اور سبز مہاراشٹر کے لیے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کی کوششوں کی سراہنا بین الاقوامی سطح پر ہورہی ہے۔ ورلڈ ایگریکلچر فورم کے 20؍ملکوں کے نمائندوں کی موجودگی میں آج وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے سمیت نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس و اجیت پوار کا استقبال کیا جائے گا۔

***** ***** *****

حیدرآباد مُکتی سنگرام کل ہر طرف منایا گیا۔ اِس موقع پر مرکزی وزیر داخلہ اِمت شاہ نے مراٹھوارہ کی عوام کو مبارکباد دی۔ نظام رضاکاروں کے ظلم کے خلاف متحدہ طور پر لڑنے والی مراٹھواڑہ کی عوام کو شاہ نے مبارکباد دی۔

حیدر آباد مُکتی سنگران دن کے موقعے پر مراٹھواڑہ میں پرچم کشائی سمیت مختلف پروگرام کل دن بھر جاری رہے ۔ چھترپتی سنبھا جی نگر کے سدھارتھ گارڈن میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں مرکزی سرکاری پرچم کشائی ہوئی ۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مراٹھواڑہ کی ترقی کے 29 ؍ ہزار کروڑ روپئے کے کام مکمل ہونے کے قریب ہیں ۔

دریں اثناء وزیر اعلیٰ کے دعوے کو وِدھان پریشد کے قائد حزب اختلاف امباداس دانوے نے چیلنج کیا ۔ دانوے نے کہا کہ مکمل ہوئے کاموں کی فہرست وزیر اعلیٰ ظاہر کریں ۔ مراٹھواڑہ واٹر گریڈ کے کاموں کی رفتار دیکھ کر اگلے 10 ؍ سالوں تک مراٹھواڑہ کو پانی نہ دینے کا حکومت کا اِرادہ نظر آتا ہے۔

دریں اثناء وزیر اعلیٰ نے کل چھترپتی سنبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کے مختلف ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ پربودھن کارٹھا کرے کے یوم پیدائش کے موقع پر وزیر اعلیٰ شندے کے ہاتھوں پربودھن کارٹھا کرے کے مجسمے کو پھولوں کا ہار پہنا کر خراج عقیدت پیش کیا۔

گورنمنٹ میڈیکل کالج و اسپتال گھاٹی میں سوپر اسپیشیلیٹی شعبہ کا دورہ کر کے ڈاکٹروں سے بات چیت کی ۔ اُنھوں نے کہا کہ اقامتی ڈاکٹروں کے لیے ضروری سہولیات کے لیے کافی امداد دیا جائے گا ۔ وزیر اعلیٰ نے کاہ کہ سیکیوریٹی سے متعلق بھی حکومت ڈاکٹروں کے ساتھ ہے ۔ چُھٹی سے پاک مہم کی وزیر اعلیٰ نے اِس کا استقبال کیا اور اسپتال انتظامیہ کی ستائش کی ۔

***** **** *****

جالنہ میں رابطہ وزیر اتول ساوے کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی ۔ اِس موقع پر رابطہ وزیر سمیت دیگر نے شہید میموریل پر پھول نچھاور کر کے خراج عقیدت پیش کیا۔

***** **** *****

بیڑ میں رابطہ وزیر دھننجئے مُنڈے کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی ۔ شہید چوک پر 21 ؍ توپوں کی سلامی دی گئی ۔ اِس موقع پر مُنڈے نے اپنے خطاب میں کسان اور عوام کو مختلف سرکاری اسکیموں کا فائدہ دینے کے لیے حکومت عہد بند ہونے کا وعدہ کیا ۔

پربھنی ' ہنگولی ' ناندیڑ ' دھاراشیو اور لاتور میں سرکاری پرچم کشائی عمل میں آئی ۔

***** **** *****

مرکز اور ریاستی حکومت کے '' صفائی ہی خدمت '' کی کل سے شروعات ہوئی ۔ ناندیڑ ضلع پریشد کے صحن میں انچارج سی ای او سندیپ ماڑودے کے ہاتھوں اِس مہم کا کل افتتاح عمل میں آیا ۔ اِس موقعے پر حاضرین کو صفائی کی قسم دلائی گئی ۔

گاؤں میں صفائی رکھنے کے لیے یہ مہم چلائی گئی ہے اور آئندہ 15 ؍ دنوں میں اِس مہم میں تیزی لانے کے لیے گاؤں کی سطح پر صفائی سے متعلق مختلف پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔

***** **** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** **** *****

10 / دنوں سے جاری گنیش فیسٹیول کا کل اختتام ہوگیا۔مختلف مقامات پر دوپہر تک گھریلو گن پتیوں کا روایتی طریقہ سے وسرجن عمل میں آیا۔ دوپہر کے بعد عوامی گن پتی وِسرجن ریلیوں کی شروعات ہوئی ۔ چھترپتی سنبھا جی نگر گرام دئے وَت سنستھان گن پتی وِسرجن ریلی کے بعد شہر کے بڑے گن پتیوں کے وِسرجن کی شروعات ہوئی۔

شہر کے 8 / کنوؤں میں اور قدرتی تالاب سمیت 7 / مصنوعی تالاب میں گھریلو گنیش مورتی وِسرجن کے لیے عقیدتمند قطار میں نظر آئے۔

ناندیڑ ' جالنہ ' بیڑ ' لاتور 'دھاراشیو ' پربھنی اور ہنگولی اضلاع میں گنیش وِسرجن تقریب منائی گئی۔

***** **** *****

دھولیہ ضلع میں وِسرجن ریلی کے دوران ٹریکٹر کے نیچے کچلے جانے سے 3 / بچوں کی موت ہوگئی ۔ دھولیہ شہر سے قریب چِتوڑ گاؤں میں یہ حادثہ پیش آیا۔ دیگر 6 / افراد اِس حادثے میں زخمی ہوگئے ۔ زخمیوں کو علاج کے لیے دھولیہ کے بھاؤ صاحب ہیرے سرکاری اسپتال میں بھرتی کرایا گیا ہے۔

***** **** *****

ناسک سے قریب پاتھرڈی میں بھی ندی میں گنپتی وِسرجن کے لیے گئے 2 / نوجوان ڈوب کر ہلاک ہوگئے جبکہ دیگر حادثہ میں چُنچاڑ گاؤں کے قریب ایک آدمی ڈوب گیا۔اُس کی تلاش جاری ہونے کی خبر ہمارے نامہ نگار نے دی۔

***** **** *****

ایشیائی ہاکی چیمپئن شپ مقابلوں میں بھارتی ٹیم غیر مفتوح ثابت ہوگئی ہے ۔ چین میں کھیلے گئے اِن مقابلوں کے کل دوپہر کھیلے گئے سنسنی خیز فائنل میچ میں بھارت نے چین کو صفر کے مقابلے ایک گول سے شکست دے دی ۔ جگراج سنہہ نے میچ کا واحد گول کرتے ہوئے بھارت کو شاندار کامیابی دلائی ۔ بھارت نے مسلسل دوسری بار اور مجموعی طور پر پانچویں بار یہ خطاب اپنے نام کیا ہے ۔

***** **** *****

ہنگولی کے ضلع کلکٹر ابھِنو گوئل نے ضلع کو معذوروں سے پاک کرنے کے لیے سبھی سے تعاون کرنے کی اپیل کی ہے ۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی 75 / ویں سالگرہ کے موقعے پر شعبہ سماجی انصاف کی معرفت ملک بھر کے مقررہ تعلقہ جات میں معذورین میں مختلف اشیاء تقسیم کی گئی ۔ اِسی کے تحت کل ہنگولی میں منعقدہ ایک پروگرام میں ضلع کلکٹر گوئل خطاب کر رہے تھے ۔

***** **** *****

پربھنی ضلع میں اضافی بارش سے ہونے والے نقصانات کی رپورٹ اندرون 4 / دِن انتظامیہ کو پیش کرنے کی ہدایت ضلع کے رابطہ وزیر سنجئے بنسورے نے دی ہے ۔ضلع میں سماوی آفات کے سبب ہوئے نقصانات کا جائزہ لینے کے لیے کلکٹر دفتر میں منعقدہ اجلاس سے وہ مخاطب تھے۔ اِن نقصانات کے معاوضے کے تحت پربھنی ضلع کو زیادہ سے زیادہ امداد دلانے کا تیقن بنسوڑے نے اِس موقعے پر دیا۔

***** **** *****

ناندیڑ میں کل '' صفائی ہی خدمت 2024ء '' مہم کے تحت ریجنل ریلوے منیجر نیتی سرکار نے گوداوری باگ کرکٹ اسٹیڈیم اور ریلوے زونل دفتر میں محکمہ ریلوے کے افسران و ملازمین کو صفائی کا حلف دلایا۔ اِس موقعے پر حاضرین کے ہاتھوں اجتماعی شجرکاری بھی کی گئی۔

***** **** *****

گنٹور- اورنگ آباد ایکسپریس ریلوے گاڑی آج سے 21/ستمبر تک اور اورنگ آباد- گنٹور ریلوے گاڑی کی خدمتا کل 19/ستمبر سے 22/ستمبر تک منسوخ کردی گئی ہے۔گنٹور ریلوے ڈویژن میں روٹ کو ڈبل ٹریک میں تبدیل کرنے کے کاموں کے پیش نظر ان گاڑیوں کو خدمات منسوخ کیے جانے کی اطلاع نا ندیڑ زون رابطہ عامہ دفتر نے دی ہے۔

***** ***** *****

عام آدمی پارٹی نے کہا ہے کہ اُن کی پارٹی کی سینئر لیڈر اٰتشی دِلّی کی نئی وزیر اعلیٰ ہوں گی۔اُنھیں نئی دِلّی میں پارٹی کی ارکان اسمبلی کی میٹنگ میں AAP قانون ساز پارٹی کے لیڈر کے طور منتخب کیا گیا۔میٹنگ کے بعد اعلان کرتے ہوئے دِلّی حکومت میں وزیر گوپال رائے نے کہا کہ عام آدمی پارٹی دِلّی میں اسمبلی انتخاب اِس سال اکتوبر- نومبر میں کرنا چاہتی تھی۔رائے نے بی جے پی پر عام آدمی پارٹی کو ختم کرنے کی سازش کرنے کا الزام عائد کیا۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے نامزد وزیر اعلیٰ اٰتشی نے پارٹی کے سربراہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ جانفشانی سے کام کرنا اور اسکیموں کو عوام کے لیے جاری رکھیں گی۔

دریں اثناء دِلّی کے وزیر اعلیٰ اَروِند کیجریوال نے وزیر اعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔اُنھوں نے دِلّی کے لیفٹِننٹ گورنر وی کے سکسینہ سے کل شام ملاقات کی تھی اور اپنا استعفیٰ پیش کیا تھا۔

***** ***** *****

ریاستی گورنر سی پی رادھا کرشنن نے آنکھوں کے عطیہ کو عوامی تحریک میں تبدیل کرنے کی اپیل کی ہے۔گورنر کرشنن کی پہل پر ممبئی میں راج بھون میں 28/اگست تا 8/ستمبر کے درمیان عطیہ چشم تصور کے تحت مختلف سرگرمیاں چلائی گئیں۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط درجے کی بارش ہونے کی پیشن گوئی محکمہ موسمیات کی جانب سے کی گئی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سُن لیجیے...**

- ☆ **نابالغ بچوں کے لیے ''واتسلیہ'' نامی نئی اسکیم آج سے شروع**
- ☆ **ماحول کے تحفظ کے لیے ریاست کی کوشش کی بین الاقوامی سطح پر ستائش ' وزیر اعلیٰ کا ورلڈ اگیری کلچر فورم کی جانب سے استقبال**
- ☆ **مراٹھواڑہ کی ترقی کے 29/ہزار کروڑ روپئے کے کام مکمل ہونے کے قریب ' وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کا بیان**
- ☆ **دس دنوں سے جاری گنیش فیسٹیول کا اختتام' دھولیہ ناسک حادثہ میں 6/افراد ہلاک**

**اور**

- ☆ **ایشیائی ہاکی ٹورنامنٹ میں بھارت فاتح**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سُن سکتے ہیں۔**

☆☆☆☆